فوری ریلیز کے لیے: 19/9/2022 **گورنر *KATHY HOCHUL***

**گورنر HOCHUL کا سمندری طوفان فیونا کی وجہ سے آنے والے تباہ کن سیلاب کے بعد امداد کا اعلان**

***ریاست نیو یارک کے 100 فوجیوں کو امدادی کوششوں میں مدد کے لیے پورٹو ریکو بھیجا جائے گا***

***ریاستی ایجنسیاں، نیو یارک کے تعمیراتی کاروباری ادارے، نجی شعبے کے کاروباری ادارے اور علاقائی تنظیمیں مدد کے لیے تیار ہیں کیونکہ پورٹو ریکو جاری طوفانی حالات کا سامنا کر رہا ہیں اور دس لاکھ مکین بجلی سے محروم ہیں***

***سنہ 2017 میں سمندری طوفان ماریا کے بعد سے پورٹو ریکو کو متاثر کرنے والے بدترین طوفان میں جزیرے کے جنوبی اور مشرقی حصوں میں جان لیوا اور تباہ کن سیلاب کا امکان***

***گورنر Hochul پورٹو ریکو کے گورنر، ڈومینیکن ریپبلک کے صدر کے ساتھ رابطے میں ہیں، اور ایمرجنسی ردِعمل دینے کے اثاثوں کے ساتھ ریاستی ایجنسیوں کی مکمل حمایت کی پیشکش کرتی ہیں***

گورنر Kathy Hochul نے سنہ 2017 میں سمندری طوفان ماریا کے بعد سے جزیرے میں آنے والے سب سے زیادہ تباہ کن طوفان فیونا کی وجہ سے تباہ کن سیلاب اور آندھیوں کے تناظر میں، آج ریاست نیو یارک کے پورٹو ریکو کی مدد کے لیے کیے گئے اقدامات کا اعلان کیا۔ پورٹو ریکو کے گورنر Pedro Pierluisi کے ساتھ ٹیلی فون پر ہونے والی ایک گفتگو کے بعد، گورنر Hochul نے ریاست نیو یارک کی پولیس کو ہدایت کی کہ وہ رہائشیوں کو محفوظ رکھنے میں مدد کے لیے 50 فوجی بھیجے، اور آنے والے ہفتوں میں 50 اضافی فوجی تعینات کیے جائیں گے۔ گورنر نے یہ بھی اعلان کیا کہ ریاست ڈیلٹا (Delta)، جیٹ بلیو (JetBlue)، کوکا کولا (Coca-Cola)، ریاست نیو یارک کے تعمیراتی کاروباری اداروں کی تنظیم (New York State's Building Trades)، گریٹر نیو یارک ہسپتال ایسوسی ایشن (Greater New York Hospital Association)، اور سوموس کمیونٹی کیئر (SOMOS Community Care) کے ساتھ کام کر رہی ہے، جن سب نے ردِعمل اور بحالی کی کوششوں کے لیے تعاون کرنے کا وعدہ کیا ہے۔ مزید برآں، نیو یارک پاور اتھارٹی (New York Power Authority) کی ٹیمیں جزیرے پر بجلی کی بحالی میں تعیناتی اور مدد کے لیے تیار ہیں۔

**گورنر Hochul نے کہا،** "نیو یارک ان تباہ کن اثرات سے خوب واقف ہے جو قدرت لا سکتی ہے، اور اسی وجہ سے ہم پورٹو ریکو کے لوگوں کی اس خوفناک طوفان سے بحالی اور تعمیر نو میں مدد کے لیے تیار ہیں۔ پورٹو ریکو میں ہمارے بہن بھائی ناقابلِ یقین حد تک لچکدار ہیں لیکن، اس طرح کے اوقات میں، نیو یارک جزیرے اور اس کے باشندوں کی بحالی میں مدد کے لیے اہلکاروں اور وسائل بھیجنے سمیت، ہر طرح سے مدد کے لیے موجود رہے ہیں"۔

ڈومینیکن ریپبلک بھی سمندری طوفان فیونا سے متاثر ہو رہا ہے، اور گورنر Hochul ملک کی امدادی کوششوں میں مدد کے لیے ڈومینیکن ریپبلک کے صدر Luis Abinader سے رابطے میں ہیں۔ گورنر Hochul نے اس بات کا اعادہ کیا کہ طوفان ابھی ختم نہیں ہوا، کیونکہ اس ہفتے کے آخر میں شمال مشرق کی طرف رخ کرنے سے پہلے، اس کی عمومی حرکت شمال مغرب میں آج شام تک جاری رہنے کی توقع ہے۔

اتوار کے روز، صدر بائیڈن نے سمندری طوفان فیونا کی ہنگامی حالت کا اعلان کرتے ہوئے، وفاقی ادارہ برائے ہنگامی حالت (Federal Emergency Management Agency, FEMA) کو آفات سے نمٹنے کی کوششوں کو مربوط کرنے کا اختیار دیا۔ نیو یارک آنے والے دنوں میں پورٹو ریکو کے مکینوں کی مدد کے لیے FEMA کی جانب سے مربوط کسی بھی درخواست کی معاونت کے لیے کام کرے گا۔ ڈیلٹا اور جیٹ بلیو کارگو کی جگہ اور ہنگامی حالت میں کام کرنے والے اہلکاروں کی آمد و رفت دونوں کا عطیہ دیں گے۔ گریٹر نیو یارک ہسپتال ایسوسی ایشن طبی سامان فراہم کرے گی۔ اور کوکا کولا نے پانی اور اضافی رسد کرنے کا وعدہ کیا ہے۔ نیو یارک سٹی اور ویسٹ چیسٹر کاؤنٹی کے مسکن برائے انسانیت (Habitat for Humanity) اور ریاست کے تعمیراتی کاروباری اداروں کی انجمن (State's Building Trades) نے بھی ضروریات کی نشاندہی ہونے پر ہاتھ بٹانے کا وعدہ کیا ہے۔

پورٹو ریکو میں طوفان سے کُل 12 سے 20 انچ اور کچھ مقامی علاقوں میں 30 انچ تک بارش دیکھی گئی ہے۔ بارش کی یہ مقداریں جان لیوا اور تباہ کن سیلاب پیدا کرنے کی صلاحیت رکھتی ہیں۔ پورٹو ریکو کے دس لاکھ سے زائد باشندے اس وقت بجلی سے محروم ہیں کیونکہ بنیادی ڈھانچے کے اہم نظام کو نقصان پہنچا ہے، اور جاری طوفانی حالات جزیرے پر اثر انداز ہوتے رہتے ہیں۔

**ہوم لینڈ سیکیورٹی اور ایمرجنسی سروسز کے ریاستی ڈویژن کی کمشنر Jackie Bray نے کہا،** "ہمارے دل پورٹو ریکو کے لوگوں کے ساتھ ہیں کیونکہ وہ ایک اور تباہ کن سمندری طوفان کے اثرات کو برداشت کر رہے ہیں۔ گورنر Hochul اور میں فیونا پر کڑی نظر رکھے ہوئے ہیں اور جزیرے سے باہر طوفان کے مزید اثرات ہو سکتے ہیں۔ DHSES کا ایمرجنسی آپریشن سینٹر میدانِ عمل میں ریاستی ایجنسی کے ردعمل کو مربوط کرے گا کیونکہ اضافی درخواستیں FEMA اور پورٹو ریکو دونوں سے آتی ہیں۔"

**نیو یارک پاور اتھارٹی (New York Power Authority, NYPA) کے عبوری صدر اور سی ای او Justin E. Driscoll نے کہا،** "NYPA پورٹو ریکو میں ہمارے بہن بھائیوں کے ساتھ کھڑا ہے جب وہ سمندری طوفان فیونا اور اس طوفان سے پیش آنے والی مشکلات کا سامنا کر رہے ہیں۔ جیسا کہ ہم نے حالیہ سمندری طوفانوں کے بعد پورٹو ریکو کی مدد کی ہے، آج ہم فیونا کے ردِعمل میں مدد کرنے کے لیے تیار ہیں۔ NYPA نے پورٹو ریکو کے توانائی کے انتظام کے نظام کی لچک اور بھروسے کے ساتھ مدد کی ہے، اور ہم نے جزیرے کو تیل پر منحصر گرڈ سے دور منتقل کرنے میں مدد کرنے کے لیے تزویراتی منصوبہ بندی میں مدد کی ہے۔ جیسے جیسے یہ ہنگامی صورتحال سامنے آرہی ہے، ہم ضرورتوں کو ساتھ ساتھ پورا کر رہے ہیں اور ضرورت کے مطابق مدد کے لیے وسائل تیار کر رہے ہیں"۔

**ریاست نیو یارک کی پولیس کے سپرنٹنڈنٹ Kevin P. Bruen نے کہا،** "ریاستی فوجی ہمیشہ ضرورت پڑنے پر مدد فراہم کرنے کے لیے تیار رہتی ہے، خواہ وہ ریاست نیو یارک میں ہو یا کہیں اور۔ ہم پورٹو ریکو میں اپنے ہمسائیوں کی مدد کے لیے اس مشن کے لیے پُرعزم ہیں کیونکہ وہ سمندری طوفان فیونا سے بحال ہو رہے ہیں"۔

سمندری طوفان ماریا کے بعد سے، نیو یارک نے پورٹو ریکو کو جزیرے کے بجلی کے بنیادی ڈھانچے کی بحالی اور تعمیرِ نو کے لیے FEMA سے اربوں ڈالر کی وفاقی فنڈنگ حاصل کرنے میں مدد کی ہے، اس کے علاوہ NYPA جزیرے پر پاور پلانٹس اور سب اسٹیشنوں کے تکنیکی جائزے انجام دے رہی ہے۔

نومبر 2021 میں، گورنر Hochul نے پورٹو ریکو اور ورجن آئی لینڈز کے لیے شمسی توانائی کے فروغ کے لیے تعاون کو بڑھانے کے لیے شراکت داری کا اعلان کیا تھا۔ شراکت داری کے جزو کے طور پر، ریاست نے نیا نصاب اور اجازت اور فنانسنگ کی مہارت فراہم کی جو جزائر پر شمسی صنعتوں کی ترقی میں معاون ثابت ہو گی۔ اس کوشش نے پورٹو ریکو کی تعمیرِ نو اور سمندری طوفان ارما اور ماریا سے بحالی میں مدد کے لیے نیو یارک کے دیرینہ عزم کو مزید تقویت بخشی اور ایک بڑھتی ہوئی صاف توانائی کی ورک فورس پائپ لائن اور مساوی صاف توانائی پر منتقلی کو یقینی بنانے کے لیے ریاست نیو یارک کے عزم کو تقویت دینے میں مدد کی۔

###

اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418